BUSINESS

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

رجسٹرڈ ایل آئی ایل 159

فون 83-6367480

صفحات 20 قیمت 8 روپے

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

جلد 27 | جمعہ 17 جمادی الثانی 1427ھ 14 جولائی 2006ء 30 ہاڑ 2063ب | نمبر 268

# پاکستان میں چینی کا استعمال غیر معمولی حد تک بڑھ گیا

## ایک پاکستانی سال میں 24 کلو چینی استعمال کرتا ہے جبکہ عالمی شرح 22 کلو سے زیادہ نہیں

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان کا شمار دنیا کے ان ملکوں میں ہوتا ہے جہاں چینی کا استعمال غیر معمولی حد تک زیادہ ہے یہاں ایک فرد سال بھر میں تقریباً 24 کلو چینی استعمال کرتا ہے جب کہ عالمی سطح پر یہ شرح 22 کلو سے زیادہ نہیں۔ ایک غیر سرکاری ادارہ کی تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں سب سے زیادہ چینی چائے میں استعمال کی جاتی ہے یہ استعمال صبح چائے سے شروع ہو کر رات کے کھانے کے بعد کسی میٹھی چیز سے لطف اندوز ہونے تک جاری رہتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق خام چینی کو ایسے کیمیائی عمل سے گزارا جاتا ہے جس سے یہ بالکل خالص بن جاتی ہے چینی کے اس خالص پن کی وجہ سے صحت کے ماہرین اس کو سفید اور میٹھے زہر کا نام دیتے ہیں۔ پاکستان میں ایک کلو عام مٹھائی میں 350 گرام خالص چینی استعمال ہوتی ہے جبکہ ایک کولا کی 250 ملی گرام کی بوتل پینے والے خالص چینی کے آٹھ چمچ معدے میں انڈیل لیتے ہیں۔